| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 5، دن: 1 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پہچان سکیں کہ شہری حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں اور وقت کے ساتھ یہ کیوں بدلتی ہیں۔
- ڈیجیٹل شہری (Digital Citizenship) ہونے کے اخلاقی تقاضوں کی پہچان کر سکیں اور آن لائن ہونے کی صورت میں اختلافِ رائے سے نمٹ سکیں۔
- اقوامِ متحدہ (United Nations) کے وضع کردہ بنیادی انسانی حقوق کی شناخت کر سکیں۔
- سمجھ سکیں کہ تمام انسانوں کو مذہبی اور نسلی تفریق سے بالاتر ہو کر مساوی حقوق حاصل ہیں اور انفرادی اختلافِ رائے کا احترام کرنا سیکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** **10 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق ''شہریت اور انسانی حقوق'' کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جن اشیا کو استعمال کرتے ہیں وہ وسائل کہلاتی ہیں۔ انھیں وسائل کی تینوں اقسام کی مثالیں دے کر وضاحت کریں۔
- انھیں اشیا اور خدمات میں فرق واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں جسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔
- طلبہ کو قلّت کے تصوّر سے بھی آگاہ کریں کہ جب وسائل لوگوں کی ضروریات کے لحاظ سے کم ہوں تو ایسی صورت میں متبادل اشیا کا انتخاب کرنا معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** 20منٹ

ا۔ صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

i. اقوام متحدہ کی بنیاد رکھی گئی:

- 24اکتوبر 1945ء کو
- 25اکتوبر 1945ء کو
- 26اکتوبر 1945ء کو

ii. اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے عالمی اعلامیہ جاری کیا:

- 1944ء میں
- 1948ء میں
- 1952ء میں

iii. آزادانہ رائے کا اظہار شامل ہے:

- انسانی حقوق میں
- اختلافات میں
- تنازع میں

iv. انٹرنیٹ کے ذریعے دنیا سے جڑا ہوا شخص کہلاتا ہے:

- عالمی شہری
- ڈیجیٹل شہری
- عام شہری

v. تنازعات پیدا ہوتے ہیں:

- ایک جیسی رائے ہونے پر
- مختلف رائے ہونے پر
- کوئی رائے نہ ہونے پر

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

i. شہریت سے کیا مراد ہے؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

ii. شہری حقوق سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے تین شہری حقوق لکھیں۔

iii. اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اعلامیے کے چند اہم نکات لکھیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 5، دن: 2 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آزادیِ اظہار (Freedom of Speech) کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔
- گھر اور اسکول میں ہونے والے تنازعات کو حل کرنے کے لیے بات چیت اور مذاکرات کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- امن (Peace) اور ہم آہنگی (Harmony) پیدا کرنے کے طریقے تجویز کر سکیں۔
- آج کل کی مہذب دنیا میں روزمرہ کے آداب (Daily Etiquettes) پہچان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** **10 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "شہریت اور انسانی حقوق" کی دہرائی کریں گے تا کہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں آزادیِ اظہار کی اہمیت بتائیں۔
- ان سے بات کریں کہ گھر اور اسکول میں ہونے والے تنازعات کو کیسے حل کیا جاتا ہے۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** **10 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

## گھر کا کام:

N/A

## ورک شیٹ 20منٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

i. آزادیِ اظہار کی اہمیت بیان کریں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

ii. ہمیں روزمرہ زندگی میں کن کن آداب کا خیال رکھنا چاہیے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 5، دن: 3 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قوم پرستی (Nationalism) کی تعریف اور وضاحت کر سکیں اور بتا سکیں کہ کیسے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔
- پاکستان میں رہنے والے متنوع ثقافتی (Diverse Cultural) گروہوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "ہمارا رہن سہن" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ سے قوم پرستی کی تعریف پوچھیں۔
- انھیں اشیا اور خدمات میں فرق واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں جیسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔
- طلبہ کو قلّت کے تصوّر سے بھی آگاہ کریں کہ جب وسائل لوگوں کی ضروریات کے لحاظ سے کم ہوں تو ایسی صورت میں متبادل اشیا کا انتخاب کرنا معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

## گھر کا کام:

N/A

## ورک شیٹ 20منٹ

ا۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

i. ثقافت کس زبان کا لفظ ہے:

- ہندی
- فارسی
- عربی
- انگریزی

ii. قوم پرستی جذبے کا نام ہے:

- اپنائیت کے
- وفاداری کے
- محبت کے
- مذہب کے

iii. پاکستان میں بڑے ثقافتی گروہوں کی تعداد ہے:

- چار
- آٹھ
- چھے
- بارہ

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

i. ثقافت سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

ii. قوم پرستی سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________